DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 16-05-2023

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گورنر کی سیکرٹریٹ اسٹاف کی حلف برداری تقریب میں شرکت۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعظم بلوچستان کیلئے ان علان کردہ 10ارب روپے جاری کریں صوبائی کابینہ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | رکھنی وزیراعلیٰ کی ہدایت پر اغواکار گرفتار۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | بلوچستان کابینہ کا اجلاس درپیش مالی مسائل پر تشویش کا اظہار۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | ملک میں توڑ پھوڑ مچانے والوں کو فوری گرفتار کیا جائے مولانا واسع۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | پرتشدد مظاہروں کے خلاف بلوچستان اسمبلی میں مذمتی قرارداد منظور۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | اپنے حلقہ انتخاب کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا میرا مشن ہے،نور محمد دمڑ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | شعبہ صحت کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے،احسان شاہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | عمران خان راء کے ایجنٹ 9 مئی کے واقعات کے بعد پاکستانی ہونے کا حق کھودیا حکومتی ترجمان۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | گاڑیوں کی فزیکل انسپکشن محکمہ ایکسائز نے موبائل ایپ متعارف کرادی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | صوبائی سرحدوں پر دفعہ 144 کا نفاذ غیرمدت معینہ تک ہے،سیکرٹری خوراک۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | لیویز فورس میں بھرتیاں میرٹ پر ہونگیں ڈی جی لیویز۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | کوئٹہ بلوچستان بھر میں سات روزہ انسداد پولیو مہم آج سے شروع۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | مولانا ہدایت الرحمٰن کی احاطہ عدالت سے گرفتاری کو غیرقانونی قرار دیا جائے،چیف جسٹس کے نام سراج الحق کا خط۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | پاکستان بچانے کیلئے قانون کی بالادستی یقینی بنانا ہوگی محمود خان اچکزئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | بلوچ لاپتہ افراد کی بازیابی کے لئے فل کورٹ تشکیل دیا جائے،بی این پی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچ قوم انتہائی مشکل دور سے گزر رہی ہے رحمت بلوچ۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری مزید 12 ملزمان گرفتار،حب کوچ سے غیرملکی کپڑا،چھالیہ سمیت دیگر سامان برآمد،کچلاک پولیس نے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرکے 1 شخص کو گرفتار کرلیا۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 16-05-2023

## عوامی مسائل

لورالائی سرکاری اسکولوں کے طلباء وطلبات کتابوں سے محروم درجنوں سکول بند،ایک سال سے کھلے آسمان تلے پڑے سیلاب متاثرین امداد کے منتظر،ڈھاڈر وگر دنواح میں ملیریا وبا کی شکل اختیار کررہی ہے،قلعہ سیف اللہ زمینداروں کا کاشتکاروں کو زرعی قرضوں کے حصول میں مشکلات، بولان کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ غیر حاضر بچوں کا مستقبل تاریک۔

## اداریہ:

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**انسداد پولیو مہم اجتماعی قومی ذمہ داری اور فرض عین !!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے بلوچستان سمیت ملک بھر میں پیر کے روز انسداد پولیو کی قومی مہم شروع ہوگئی ہے وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے قوم سے اپیل کی ہے کہ وہ مہم کی کامیابی کے لئے اپنا کردار ادا کرے والدین بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں تا کہ ان کے مستقبل کو محفوظ بنایا جاسکے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ ذیلی پولیو مہم پیر سے تمام صوبوں کے مخصوص اضلاع میں شروع ہوگئی والدین اپنے 5 سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں مہم کے دوران ملک لے مخصوص اضلاع میں 23 ملین سے زیادہ بچوں کو حفاظتی قطرے پلائیں جائیں۔ ہمارے ہاں انسداد پولیو مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا، پولیو ٹیموں سے تعاون کرنا ہم سب کی اجتماعی قومی ذمہ داری اور فرض عین ہے جس سے کسی صورت روگردانی نہیں کرنی چاہئے۔

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " Uncontrolled drug business " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے ایرانی تیل کی اسمگلنگ کے تاریک پہلو " کے عنوان سے قادر خان یوسف زئی نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

گورنر وزیراعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 16 MAY 2023

Page No: 1

## گورنر سے عبدالقادر کی ملاقات، صوبے کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

ملاقات میں سیاسی روابط بڑھانے پر اتفاق، سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری میں شرکت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سابق سینیٹر حسین بخش بنگلزئی اور شیر باز ساسولی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صوبہ بلوچستان میں سیاسی روابط بڑھانے اور عوام کو ان کی دہلیز پر تمام بنیادی سہولیات پہنچانے کی کوششوں کو تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ دریں اثناء گورنر نے بلوچستان سول سیکرٹریٹ کے سبزہ زار پر منعقدہ اسٹاف ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ حلف برداری کی تقریب میں گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے اسٹاف ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا۔ بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری محمد قاسم خان کاکڑ نے سپاسنامہ پیش کیا۔ واضح رہے کہ سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن گریڈ ایک تا پندرہ کے ملازمین کی نمائندہ تنظیم ہے۔ گورنر بلوچستان نے اسٹاف ایسوسی ایشن کے نئے صدر یونس جان زہری اور جنرل سیکرٹری محمد قاسم خان کاکڑ سمیت تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔ بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کی حلف برداری تقریب میں منسٹر ایس اینڈ جی اے ڈی بشریٰ رند، اراکین صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ، ہاشمس جانسن، ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم) صالح ناصر، صوبائی سیکرٹری صاحبان، سابق وزیر میر عاصم کرد گیلو، آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر عبدالمالک کاکڑ اور اسٹاف ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران بھی موجود تھے۔

MASHRIQ QUETTA

## ملک عبدالولی خان کاکڑ سے لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ کی ملاقات

صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں ودیگر امور پر تبادلہ خیال

گورنر بلوچستان کی سیکرٹریٹ سٹاف ایسوسی ایشن کی حلف برداری تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ نے ملاقات کی۔ اس ........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 9 پر

موقع پر سابق سینیٹر حسین بخش بنگلزئی اور شیر باز ساسولی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صوبہ بلوچستان میں سیاسی روابط بڑھانے اور عوام کو ان کی دہلیز پر تمام بنیادی سہولیات پہنچانے کی کوششوں کو تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ نے گزشتہ روز سول سیکرٹریٹ سٹاف ایسوسی ایشن کی حلف برداری تقریب سے خطاب کیا اور منتخب عہدیداروں سے انکے عہدوں کا حلف لیا

INTEKHAB QUETTA

## گورنر کی سیکرٹریٹ اسٹاف کی حلف برداری تقریب میں شرکت

بشریٰ رند، ثناء بلوچ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ عاصم کرد گیلو ودیگر کی شرکت، نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے بلوچستان سول سیکرٹریٹ کے سبزہ زار پر منعقدہ اسٹاف ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ حلف برداری کی تقریب میں گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

اسٹاف ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداروں سے حلف لیا۔ بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری محمد قاسم خان کاکڑ نے سپاسنامہ پیش کیا۔ واضح رہے کہ سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن گریڈ ایک تا پندرہ کے ملازمین کی نمائندہ تنظیم ہے۔ گورنر بلوچستان نے اسٹاف ایسوسی ایشن کے نئے صدر یونس جان زہری اور جنرل سیکرٹری محمد قاسم خان کاکڑ سمیت تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔ بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کی حلف برداری تقریب میں منسٹر ایس اینڈ جی اے ڈی بشریٰ رند، اراکین صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ، ہاشمس جانسن، ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم) صالح ناصر، صوبائی سیکرٹری صاحبان، سابق وزیر میر عاصم کرد گیلو، آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر عبدالمالک کاکڑ اور اسٹاف ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران بھی موجود تھے۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 16 MAY 2023

Page No: 2

# عسکری و نجی املاک پر حملے قابل مذمت، عوام اپنی فوج کیساتھ کھڑے ہیں، بلوچستان کابینہ

اجلاس میں افواج پاکستان اور ملکی سلامتی کے اداروں کو خراج تحسین پیش

**وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس میں مسلم باغ میں ایف سی کیمپ پر حملے کی مذمت، سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس، لواحقین سے ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی کابینہ نے گزشتہ دنوں مسلم باغ میں ایف سی کیمپ پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن میں سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر دلی دکھ و افسوس اور شہداء کے لواحقین سے تعزیت، ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت منعقدہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں سانحہ مسلم باغ کے شہداء کے درجات کی بلندی کی دعا بھی کی گئی کابینہ نے جوابی کارروائی میں تمام دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی جرات و بہادری کو سراہا کابینہ اجلاس میں 9 مئی کے واقعات اور عسکری اور نجی املاک پر حملوں کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے ان واقعات کو ملکی وقار اور سالمیت کے خلاف سازش قرار دیا گیا کابینہ اراکین کا کہنا تھا کہ پوری قوم کی طرح بلوچستان کے عوام بھی پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں اجلاس میں افواج پاکستان اور ملکی سلامتی کے اداروں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

## رکنی: 13 سالہ بچی کے اغواء میں ملوث ملزم گرفتار، دیگر کی گرفتاری کے لیے چھاپے

**ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے ایسے واقعات کے سدباب کے لیے اقدامات یقینی بنائیں، وزیراعلیٰ کی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی خصوصی ہدایت پر رکنی شہر میں شرپسندوں کی جانب سے بزرگ شہری موج علی بلوچ کے گھر اور چادر و چاردیواری کے تقدس کو پامال کرنے اور بزرگ شہری کی 13 سال بچی کو اغوا کرنے کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مذکورہ واقعہ کے خلاف ایف آئی آر درج کرتے ہوئے واقعہ میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ ایسے واقعات کا سدباب کیا جائے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ واقعہ میں ملوث تمام افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور اس واقعہ سے متعلق انصاف کے تمام تقاضوں کو پورا کیا جائے انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت انصاف کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے اور اس واقعہ میں ملوث تمام افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

# وزیراعظم بلوچستان کیلئے اعلان کردہ 10 ارب روپے جاری کریں، صوبائی کابینہ

**پی پی ایل کی جانب سے واجبات کی ادائیگی ہو تو بلوچستان کو بہت بڑی ریلیف مل سکتا اور درپیش مالی مسائل میں کمی آسکتی ہے، قدوس بزنجو**

**وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس، صوبے کو درپیش مالی مسائل کو باعث تشویش، سیکرٹری خزانہ کی کابینہ کو صوبے کی مالی صورتحال پر بریفنگ**

**مسلم باغ میں ایف سی کیمپ پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت، بلوچستان کے عوام فوج کے ساتھ کھڑے ہیں وزراء**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت منعقدہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں صوبے کو درپیش مالی مسائل کو باعث تشویش قرار دیا گیا ہے سیکریٹری خزانہ نے کابینہ کو صوبے کی مالی صورتحال پر بریفنگ دی، وزیراعلیٰ نے اس مو.........

بقیہ 5 صفحہ نمبر 9 پر

نمبر پر ہدایت کی مالی ڈسپلن کو ہر صورت برقرار رکھتے ہو؟ ترقیاتی منصوبوں کیلئے فنڈز کی دستیابی اور اجراء میں رکاوٹ پیدا نہ ہونے دی جا؟ اجلاس میں اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے وزیراعظم کے سیلاب کے دوران بحالی کیلئے اعلان کردہ دس ارب روپے کا تاحال اجراء نہیں کیا گیا ہے جبکہ صوبائی حکومت کی مسلسل کوششوں اور ٹھوس موقف کے باوجود پی پی ایل کی جانب سے صوبے کے واجبات کی ادائیگی کو سنجیدگی سے نہیں لیا جارہا ہے

## رکھنی، وزیراعلیٰ کی ہدایت پر اغوا کار گرفتار

**ملزم نے شہری کے گھر میں گھس کر کم سن بچی کو اغوا کیا تھا**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی خصوصی ہدایت پر رکنی شہر میں شرپسندوں کی جانب سے ایک بزرگ شخص موجلی بلوچ کے گھر کی چادر اور چاردیواری کو پامال کرنے اور اس کی 13 سال کی بچی کو اغوا کرنے کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مذکورہ.........

بقیہ نمبر 58 صفحہ 9 پر

واقعہ کے خلاف ایف آئی آر درج کرتے ہوئے واقعے میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا ہے وزیراعلیٰ نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ ایسے واقعات کا سدباب کیا جائے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ واقعہ میں ملوث تمام افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور اس واقعے سے متعلق انصاف کے تمام تقاضوں کو پورا کیا جائے انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت انصاف کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے اور اس واقعہ میں ملوث تمام افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 16 MAY 2023

Page No: 4


# بلوچستان کابینہ کا اجلاس، درپیش مالی مسائل پر تشویش کا اظہار

## وزیراعلیٰ کی زیرصدارت اجلاس کی 9 مئی کے واقعات اور مسلم باغ ایف سی کیمپ پر حملے کی مذمت

**اسد کابینہ کا وفاقی حکومت نے سیلاب متاثرین کیلئے اعلان کردہ امداد نہ ملنے اور پی پی ایل کی جانب سے واجبات کی عدم ادائیگی پر افسوس کا اظہار**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت منعقدہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں صوبے کو درپیش مالی مسائل کو باعث تشویش قرار دیا گیا ہے بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر

سیکریٹری خزانہ نے کابینہ کو صوبے کی مالی صورتحال پر بریفنگ دی وزیراعلیٰ نے اس موقع پر ہدایت کی مالی ڈسپلن کو ہرصورت برقرار رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کے لئے فنڈز کی دستیابی اور اجراء میں رکاوٹ پیدا نہ ہونے دی جائے اجلاس میں اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے وزیراعظم کے سیلاب کے دوران بلوچستان کے لئے اعلان کردہ دس ارب روپے کا تاحال اجراء نہیں کیا گیا ہے جبکہ صوبائی حکومت کی مسلسل کوششوں اور ٹھوس موقف کے باوجود پی پی ایل کی جانب سے صوبے کے واجبات کی ادائیگی کو سنجیدگی سے نہیں لیا جارہا ہے اجلاس میں اتفاق کیا گیا کہ اگر وزیراعظم کے اعلان کردہ دس ارب روپے اور پی پی ایل کی جانب سے واجبات کی ادائیگی ہوجاتی ہے تو بلوچستان کو بہت بڑی ریلیف مل سکتی ہے اور درپیش مالی مسائل میں کمی آسکتی ہے اجلاس میں اس حوالے سے فوری طور پر وزیراعظم سے رابطہ کرکے انہیں صورتحال سے آگاہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جاری ترقیاتی عمل کو ہرصورت برقرار رکھا جائیگا اور مالی مسائل کے حل کے لئے تمام ممکنہ ذرائع بروئے کار لائے جائیں گے۔ بلوچستان صوبائی کابینہ نے گزشتہ دنوں مسلم باغ میں ایف سی کیمپ پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن میں سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر دلی دکھ و افسوس اور شہداء کے لواحقین سے تعزیت ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت منعقدہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں سانحہ مسلم باغ کے شہداء کے درجات کی بلندی کی دعا بھی کی گئی کابینہ نے جوابی کارروائی میں تمام دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی جرات وبہادری کو سراہا کابینہ اجلاس میں 9 مئی کے پرتشدد واقعات اور عسکری اور ملکی املاک پر حملوں کی بھی بھرپور مذمت کرتے ہوئے ان واقعات کو ملکی وقار اور سالمیت کے خلاف سازش قرار دیا گیا کابینہ اراکین کا کہنا تھا کہ پوری قوم کی طرح بلوچستان کے عوام بھی پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں اجلاس میں افواج پاکستان اور ملکی سلامتی کے اداروں کو خراج تحسین پیش کیا گیا

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 16 MAY 2023

Page No: 5

MASHRIQ QUETTA

## اپنے حلقہ انتخاب کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا میرا مشن ہے، نور محمد دمڑ

### زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا نوٹیفکیشن ضلع کی ترقی وخوشحالی کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا، بیان

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکریٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا نوٹیفکیشن ضلع زیارت کی ترقی وخوشحالی کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا۔ حلقے انتخاب کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا میرا مشن ہے ماضی میں حکمرانی کرنے والوں نے ضلع زیارت کی ترقی اور بنیادی مسائل حل کرنے پر توجہ نہ دینے کی وجہ سے ضلع زیارت گوناگوں مسائل سے دوچار تھا کامیابی کے بعد دن رات ایک کر کے ضلع کو ترقی کی راہ پر گامزن کر دیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا نوٹیفکیشن جاری ہونا ضلع زیارت کے لئے بہت بڑا اقدام ہے انہوں نے کہا کہ میں نے موجودہ دور حکومت کی اولین ترجیحی عوام کے بنیادی مسائل انکی دہلیز پر حل کرنا ہے جس پر عمل درآمد بھی کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ دور حکومت نے جو کام کئے ہے تاریخ میں ان کی مثال نہیں ملتی۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ میں نے بلند وبانگ دعووں نہیں بلکہ عملی کام پر یقین رکھتا ہوں میں نے اپنے دور حکومت میں جو ترقیاتی کام کئے ہے وہ زمین پر موجود ہے جس سے عوام بھر پور استفادہ حاصل کر رہے انہوں نے کہا کہ میں نے حلقے کیلئے وفاق اور صوبے سے بڑے بڑے پروجیکٹ منظور کرائے ہے جس کی واضح مثال ضلع زیارت سے روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں کی تعداد میں لوگ ہمارے پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں آئے روز عوام کی جوق در جوق شمولیتی سے ہمارے سیاسی مخالفین بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر منفی پروپیگنڈہ پر اتر آئے ہے لیکن ضلع زیارت کی ترقی وخوشحالی عوام کے تمام بنیادی مسائل انکی دہلیز پر حل کرنا میرا مشن اور اولین ترجیحی ہے ضلع زیارت کی ترقی میں مخالفین نے ہر قسم کی روڑے اٹکانے کی کوششیں کیے لیکن ہمیشہ ناکام رہے ضلع زیارت کی ترقی کی راہ میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کرونگا۔

## ملک میں توڑ پھوڑ مچانے والوں کو فوری گرفتار کیا جائے مولانا واسع

### عمران خان کی سیاست ہمیشہ کیلئے دفن ہوچکی، جمعیت اب آزاد عدلیہ اور آزاد پارلیمنٹ کیلئے جنگ لڑیگی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر ووفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع، سینئر نائب امیر مولانا سرور موسیٰ خیل اراکین قومی وصوبائی اسمبلی آغا سید محمود شاہ، مولانا کمال الدین، مولانا صلاح الدین ایوبی، حاجی نواز کاکڑ، میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام اب ملک میں آئین وقانون کی حکمرانی کی جنگ لڑ رہی ہے۔ جن لوگوں نے ملک میں توڑ پھوڑ کی ہے ان کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے عمران خان کی سیاست ہمیشہ کیلئے دفن ہوچکی ہے آزاد عدلیہ اور آزاد پارلیمنٹ کے لئے اب جمعیت علماء اسلام جنگ لڑے گی عمران نیازی سیاست کے لائق نہیں ہے انہوں نے ہمیشہ ملک دشمن عناصر جیسا کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو جمعیت علماء اسلام کے قافلے کے استقبال اور ایک ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہم عدالت کی وقار کو بلند کرنا چاہتے ہیں کیونکہ عوام کا سارا انحصار پارلیمنٹ اور آزاد عدلیہ پر ہے اگر آزاد عدلیہ ہی کسی مجرم کو رہائی دیں اور ان کے کسی بھی کیس میں ان کو گرفتار نہیں کرتے تو اس طرح عوام کا اعتماد اٹھ جائے گا آزاد عدلیہ کیلئے ہمیشہ کردار ادا کیا ہے جمعیت علماء اسلام کا احتجاج پرامن ہے اور ہم کبھی بھی توڑ پھوڑ کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے ہمیشہ ملک بھر میں توڑ پھوڑ اور ہنگامہ آرائی کی ہے ان کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے کیونکہ یہ دہشت گرد ہے اور دہشت گردوں کو آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا انہوں نے کہا کہ عمران نیازی نے ہمیشہ عدلیہ کی پامالی کی ہے اور جب بھی ان پر برا وقت آیا تو انہوں نے آئین کو پامال کیا مگر جمعیت علماء اسلام اور پی ڈی ایم آئین وقانون کی بالادستی کیلئے جدوجہد کی ہے اور اس کیلئے ماضی کی طرح مستقبل میں بھی اپنا کردار ادا کرتے رہے گی عمران نیازی اور ان کی جماعت دہشت گرد تنظیم ہے جنہوں نے دانستہ طور پر حالات خراب کر کے یہ ثابت کیا کہ یہ ملک کی ترقی وخوشحالی نہیں چاہتے اور اپنا کارکنوں کے ذریعے اپنی رہائی دلائی اور عدلیہ نے ان کو سپورٹ کر کے ایک دہشت گرد کو آزاد کرایا گیا مگر وفاقی حکومت ان کو کسی بھی صورت نہیں چھوڑیں گے اور حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ملک میں امن وامان قائم کریں۔

## صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کی ڈسٹرکٹ منیجر پی آئی اے کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ منیجر پی آئی اے بلال افضل کو بطور منیجر پی آئی اے بننے پر صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان نے مبارکباد پیش کی صوبائی مشیر نے کہا کہ بلال افضل کا شمار بہترین آفیسرز میں ہوتا ہے اور خصوصاً ان کی کووڈ 19 کے دوران بہترین......

بقیہ نمبر 49 صفحہ 9 پر

خدمات پر انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا صوبائی مشیر نے ان کی مزید ترقی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

## پرتشدد مظاہروں کیخلاف بلوچستان اسمبلی میں مذمتی قرارداد منظور

### جو ازلی دشمن 75 سال میں نہ کر سکے وہ 9 مئی کو ان دہشتگردوں نے کر دکھایا

کوئٹہ (یو این اے) ارکان بلوچستان اسمبلی میر ظہور احمد بلیدی، میر سلیم احمد کھوسہ، میر محمد عارف محمد حسنی نے بلوچستان اسمبلی میں مشترکہ مذمتی قرارداد سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ کو جمع کروادی قرارداد میں کہا ہے کہ 09 مئی 2023 کو پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری پر ان کے کارکنوں کی جانب سے پورے ملک میں پر......

بقیہ نمبر 46 صفحہ 9 پر

تشدد مظاہروں جن میں جناح ہاؤس لاہور میں توڑ پھوڑ، حساس سرکاری ونجی املاک کو نذر آتش کرنے، کور کمانڈر ہاؤس لاہور میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ، جی ایچ کیو کے مین گیٹ پر حملہ، پشاور میں ریڈیو پاکستان کی عمارت اور میٹرو بس اسٹیشنز کو نذر آتش کرنے، رینجرز چوکیوں پر حملہ کرنا، پرتشدد کارروائیوں میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سینکڑوں آفیسران واہلکاروں کو شدید زخمی کرنا، ایمبولینس سے مریضوں کو اتار کر ایمبولینسز کو آگ لگانا اس طرح پرتشدد واقعات کے مناظر عوام نے پاکستان کی تاریخ میں نہیں دیکھے ہیں مزید براں ایک منظم سازش کے تحت افواج پاکستان کے خلاف چند سو مسلح جتھوں کو اکسانے کی مذموم کوشش کی گئی

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 16 MAY 2023

Bullet No. 2

Page No: 7


## گاڑیوں کی فزیکل انسپکشن، محکمہ ایکسائز نے موبائل ایپ متعارف کرادی

### گاڑی ملکیت کے ٹرانسفر کے لیے پہلے اسلام آباد جانا پڑتا تھا، اب کوئٹہ میں سہولت میسر ہوگی

کوئٹہ (ج ن) گاڑی مالکان کے لیے اچھی خبر، اب اسلام آباد نمبر والی گاڑیوں کی فزیکل انسپکشن اب کوئٹہ میں بھی ہو سکے گی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ ایکسائز اسلام آباد نے موبائل ایپ وضع کر لی۔ اس حوالے سے ایکسائز حکام کا کہنا ہے کہ موبائل ایپ کے ذریعے گاڑیوں کی رجسٹریشن اور چیسز نمبر کی تصدیق کوئٹہ میں ہو سکے گی۔ گاڑی ملکیت کے ٹرانسفر کے لیے پہلے اسلام آباد جانا پڑتا تھا۔ ایکسائز حکام کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے شہریوں کے لیے یہ بڑی سہولت ہے، یہ سہولت اب کوئٹہ شہر میں میسر ہوگی۔ حکام کو مزید بتانا تھا کہ اسلام آباد نمبر گاڑیوں کی ٹرانسفر فزیکل چیکنگ کوئٹہ میں ہو سکے گی۔ ایکسائز ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں رجسٹرڈ گاڑیوں کے مالکان کے لیے سہولت کا آغاز کر دیا۔ موٹر وہیکل آرڈیننس 1965 کے سیکشن 27 کے تحت رجسٹریشن کے وقت اور اس کے بعد رجسٹریشن کے بعد ٹرانسفر کے تحت گاڑیوں کی فزیکل چیکنگ کی اہمیت بھی اتنی ہی اہم ہے۔ اسی طرح، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ، آئی سی ٹی اسلام آباد نے گاڑیوں کے فزیکل انسپکشن کے عمل کو موثر طریقے سے انجام دینے کے لیے ایک موبائل ایپلیکیشن لانچ کی ہے تاکہ موٹر وہیکل رجسٹریشن سافٹ ویئر میں رکھے گئے موٹر وہیکل چیسس / انجن نمبر کی تصاویر کو محفوظ اور ریکارڈ کیا جا سکے۔

## وفاقی کابینہ نے بلوچستان میں فوج، پنجاب میں رینجرز تعیناتی کی منظوری دیدی

### تعیناتی کی منظوری امن و امان برقرار رکھنے کیلئے دی گئی، متعلقہ صوبائی حکومتوں نے درخواست کی تھی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی کابینہ نے بلوچستان میں آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت فوج اور پنجاب بھر میں انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 کے تحت رینجرز تعینات کرنے کی منظوری دیدی۔ تعیناتی کی منظوری امن و امان برقرار رکھنے کیلئے دی گئی، متعلقہ صوبائی حکومتوں نے درخواست کی تھی۔ وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے سمریوں کی منظوری دی۔ متعلقہ صوبائی حکومتوں نے درخواست کی تھی۔ امن و امان برقرار رکھنے کیلئے فوج اور رینجرز تعینات کرنے کی منظوری دی گئی۔ وفاقی کابینہ نے اس سے قبل پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں فوج تعینات کرنے کی منظوری دی تھی۔

## عمران خان راء کے ایجنٹ، 9 مئی کے واقعات کے بعد پاکستانی ہونے کا حق کھو دیا، حکومتی ترجمان

### بھارتی میڈیا پالیسیاں ڈال رہا، ملکی میڈیا کو مثبت کردار ادا کرتے ہوئے ملک اور اداروں کے امیج کو بہتر بنانا چاہیے: فرح عظیم شاہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومتی ترجمان فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ پوری قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے ہمیں قانون کا احترام کرنا چاہیے عمران خان راء کے ایجنٹ ہیں 9 مئی کے واقعات کے بعد پاکستانی ہونے کا حق کھو دیا ہے بھارتی میڈیا پالیسیاں ڈال رہا ملکی میڈیا کو مثبت کردار ادا کرتے ہوئے ملک اور اداروں کے امیج کو بہتر بنانا چاہیے پی ٹی آئی پر فوری پابندی عائد کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو سلام پیش کرتی ہوں جو پاک فوج کے خلاف کسی بھی پروپیگنڈے کا حصہ نہیں بنے 9 مئی اور اس کے بعد کے حالات پر بھارتی میڈیا پر لڈیاں ڈالی گئیں لیکن پاک فوج اور عوام کے درمیان خلیج ڈالنا غلط فہمی ہے جس میں ملک دشمن عناصر کو ناکامی ہوئی پاک فوج کی جڑیں عوام میں موجود ہیں پاک فوج اصل میں وفاق کی علامت ہے یہی وجہ ہے کہ پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے عمران خان کو پاکستانی ہونے کا حق حاصل نہیں 9 مئی کے واقعات کے بعد پاکستانی ہونے کا حق کھو دیا ہے عمران خان اگر دنیا میں پہچانے جاتے ہیں تو اس کی وجہ پاکستان ہے پاکستان بھر سے پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان اور دیگر علاقوں سے بلا رنگ و نسل لوگ پاک فوج میں بھرتی ہو کر ملک اور قوم کا دفاع کرنے کے لیے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں جس میں بلا تفریق تمام مذاہب اور قومیتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ اپنی ذمہ داری احسن طریقے سے نبھا رہے ہیں پاک فوج نے دہشت گردوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹ کر وطن عزیز میں امن کے قیام کو یقینی بنایا ہے گزشتہ دنوں دہشت گردانہ واقعہ میں کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے خود آپریشن کی نگرانی کی اور اپنے لوگ [illegible] ان کو دہشت گردوں سے محفوظ بنا کر انہیں ان کے منطقی انجام تک پہنچایا ہے جس طرح قوم کے بہادر سپوت جنرل فیصل نصیر کے خلاف ان کی کردار کشی کی جا رہی ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے کیونکہ انہوں نے بلوچستان میں بھارت کی جانب سے دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث دہشت گرد کلبھوشن یادیو اور ان کے نیٹ ورک کا سراغ لگا کر قلع قمع کیا شرپسند عناصر اپنے گھناؤنے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے فوج اور ملک کے خلاف سازشیں کر رہے ہیں جس میں انہیں ہر موقع پر ناکامی ہوگی ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت، صوبائی وزراء اور آزاد اراکین نے ہمیشہ پاک فوج کے خلاف کی جانے والی ہرزہ سرائی کے خلاف آواز بلند کی ہے اور کرتے رہیں گے۔

## بلوچستان کے تمام محکمے لواحقین کی بھرتی کا عمل شروع کریں، بلوچستان لیبر فیڈریشن

حکومت کی جانب سے نوٹیفکیشن کا اجراء خوش آئند، حقیقی ورثاء کی بھرتیوں میں غیر شفافیت ہوئی تو برداشت نہیں ہوگا، صدر خان زمان

پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین بلوچستان کی آئینی پٹیشن کا سپریم کورٹ آف پاکستان سے فیصلہ صوبے کے حقوق کا حصول ہے، بشیر احمد

تنخواہوں کی تفریق کے خاتمے اور مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں میں اضافے کیلئے بھرپور جدوجہد کا آغاز کیا جائے گا، قاسم خان، عابد بٹ و دیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر صدر خان زمان چیئرمین حاجی بشیر احمد سیکرٹری جنرل قاسم خان عبدالمعروف آزاد و حاجی عبدالعزیز شاہوانی محمد عمر جنگ عابد بٹ درین محمد حسنی حاجی یوسف کرد منظور احمد سیف اللہ ترین ملک وحید کاسی ظفر خان رند عارف خان نجاری میر زیب شاہوانی حبیب اللہ لانگو فضل محمد یوسفزئی ملک محمد حسین نصیر احمد رند سید اسماعیل شاہ حبیب اللہ شیخ محمد بخش حاجی ممتاز احمد حمیر احمد چدرانی افضل مینگل محمد ابراہیم حبیب اللہ شیخ امان اللہ خان محمد یار کدیزئی نصیر احمد رند حاجی مشتاق احمد موندرہ اور دیگر مزدور تنظیموں کے رہنماؤں ......

بقیہ نمبر 59 صفحہ 9 پر

نے بلوچستان حکومت کی جانب سے دوران ڈیوٹی فوت ہونے والے ملازمین اور درجہ چہارم مزدوروں کے حقیقی ورثاء کی تعیناتی کے نوٹیفکیشن کو احسن قرار دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اور انکی کابینہ کا درست فیصلہ قرار دیا ہے مزدور رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کے تمام سرکاری اداروں اتھارٹیز میونسپل کارپوریشنز اور میونسپل کمیٹیاں اور دیگر بڑی اتھارٹیاں نوٹیفکیشن کی روح کے مطابق عمل کرتے ہوئے اداروں میں دوران سروس فوت ہونے والے ملازمین کے حقیقی بچوں کو تعینات کریں اور جن ملازمین کی کوئی اولاد نہیں حکومتی پالیسی کے مطابق فوت ہونے والے ملازم کی بیوہ کو تعینات کیا جائے گا۔ بلوچستان لیبر فیڈریشن نے ماضی میں بھی بھرتیوں کی اس پالیسی پر حکومتوں سے عمل کرایا تھا اب بھی ایسا ہی ہوگا۔ اور بھرتی کی اس پالیسی کا مقصد ہمارے فوت اور شہید ہونے والے ملازمین کے خاندان کے افراد کی معاشی مشکلات کم کرنا تھا اور ہے تاکہ بیوہ اپنے بچوں کی کفالت اور تعلیم سمیت دیگر اور جاری رکھ سکے۔ بلوچستان لیبر فیڈریشن نے صوبے بھر میں اپنے ضلعی اور زونل رہنماؤں اور نمائندوں کو خاص تاکید کی ہے کہ وہ لواحقین کی بھرتی کے عمل کی محکموں میں خود نگرانی کریں تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔ سن کوٹہ کے حوالے سے پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین بلوچستان کے صدر قاسم خان کی آئینی پٹیشن کا سپریم کورٹ آف پاکستان سے فیصلہ آنے سے قبل اور بعد میں چند جعلی تنظیموں اور ایکشن کمیٹیوں نے ہمارے فوت ہونے والے ملازمین کے بچوں اور بیواؤں کو بیوقوف بنا کر ان سے خوب رقم بٹوری جو کہ غیر قانونی عمل اور جرم ہے۔ فوت ہونے والے ملازمین کے حقیقی ورثاء بیٹے بیٹی یا بیوہ کسی کمیٹی یا چیرٹی ایسوسی ایشن کے نمائندوں کی باتوں میں آنے کی بجائے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے تمام اضلاع میں نائب صدور یا پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین کے ضلعی رہنماؤں سے رجوع کریں وہ سن کوٹہ کی بھرتی کا کیس تمام ضروری کاغذات کی تصدیق کے بعد ضلعی افسران سے تصدیق مہر کے بعد کوئٹہ مرکز میں بھجوائیں گے تاکہ ایسی بھرتیوں کا عمل شفاف ہو۔ بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان اور تنظیموں کے مزدور رہنماؤں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے ملازمین مزدوروں کیساتھ ہوئی ناانصافیوں صوبائی محکموں میں تنخواہوں کی تفریق کے خاتمے اور مہنگائی کے تناسب تنخواہوں اضافے کیلئے بھرپور جدوجہد کا آغاز کیا جائے گا۔ اور صوبائی بجٹ سے قبل رابطہ مہم تیز کر کے صوبے کی تمام اتھارٹیز اور میونسپل اداروں کو تنخواہوں پنشن گریجویٹی کے لئے سالانہ بجٹ کے حصول کیلئے تحریک چلائی جائے گی۔



## گوادر پولیس اپنے اصل فرائض سے لاعلم اور لاپرواہ ہے، حسین واڈیلہ

شہر میں پے درپے چوری و بدامنی کے واقعات پولیس وانتظامیہ کی نااہلی ہے

گوادر (این این آئی) گوادر میں پے در پے بڑی تعداد میں چوری کے واقعات گوادر پولیس اور انتظامیہ کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے، پولیس صرف حق دو تحریک کے خلاف مقدمات قائم کرنے میں ہی سرگرم ہے لیکن اپنے اصل فرائض سے لاپرواہ ہے، ان خیالات

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

کا اظہار حسین واڈیلہ نے اپنے جاری کرتے ہوئے کیا، حق دو تحریک بلوچستان کے مرکزی چیئرمین ولید حسین واڈیلہ نے گوادر میں تسلسل کے ساتھ بڑی تعداد میں چوری ڈکیتی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعات گوادر پولیس اور انتظامیہ کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہیں، بھاری نفری کی موجودگی کے باوجود ایسے واقعات معنی خیز ہیں۔ چیئرمین نے کہا کہ گوادر پولیس کو حق دو تحریک کے کارکنان کے خلاف مقدمات بنانے سے فرصت نہیں شاید اس لئے اپنے اصل فرائض سے غافل ہے۔ جب بات ایف آئی آر درج کرنے کی آئے تو انتظامیہ اور پولیس ایک دوسرے پر سبقت لے جاتے ہیں جبکہ امن وامان کے قیام میں دونوں ناکام ہیں، واڈیلہ نے واضح طور پر کہا فوری طور عوام کے جان ومال کی حفاظت کے لئے سنجیدہ اقدامات کئے جائیں ورنہ پولیس اور انتظامیہ کے خلاف تحریک چلائیں گے۔

اخبار ۔ آن لائن

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 16 MAY 2023

Page No: 15

## سریاب واقعے میں ملوث ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بجلی بیگ پولیس نے گاہی خان چوک پر پیش آنے والے دلخراش واقع میں ملوث باپ اور دو بیٹوں سمیت چار افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو سریاب کے علاقے گاہی خان اسٹریٹ میں گھر کے سامنے سلوک بنانے سے منع کرنے پر فائرنگ کی گئی تھی جس کے نتیجے میں چار بھائیوں سمیت پانچ افراد جاں بحق اور ایک خاتون سمیت 15 افراد زخمی ہو گئے تھے جس کی ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر کا نوٹس لیتے ہوئے واقعے میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کی ہدایت کی جس پر ایس ایس پی آپریشن ذوہیب محسن نے ایس پی آپریشن سریاب ذوالفقار خیام الحق مندوخیل کی سربراہی میں ڈی ایس پی شالکوٹ سرکل خلیل احمد بگٹی اور ایس ایچ او بجلی بیگ عبدالقادر قمبرانی پر مشتمل ٹیم تشکیل دی جس نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے واقعے میں ملوث گاہی خان ۔ اس کے دو بیٹوں صدام ، چنگیز اور گن مین صالح محمد کو دفعہ 302، 324، 147، 148، 149 ت پ 7ATA/07 کے تحت گرفتار کرلیا۔

## کچلاک: پولیس نے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے 1 شخص کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچلاک پولیس نے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے ایک منشیات فروش کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او کچلاک امین جعفر نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ایک منشیات فروش شوکت ساکن کلی خانو کچلاک کو گرفتار کر کے ان قبضے سے آٹھ کلوگرام چرس اور بھاری مقدار میں ہیروئن اور شیشہ برآمد کرلی پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔ علاوہ ازیں کچلاک پولیس نے منشیات کے عادی افراد کو پکڑ کر انہیں علاج کیلئے منشیات کے عادی افراد کے بحالی سینٹر میں داخل کیا۔

## حب فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

حب (نامہ نگار) حب ندی کے قریب بلال گوٹھ میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا جس کی شناخت راحب علی کے نام سے ہوئی ہے پولیس کے مطابق مقتول ڈیرہ مراد جمالی کا رہائشی ہے، مزید تفتیش جاری ہے۔

## پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، مزید 12 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری 12 ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات اور دیگر سامان قبضے میں لے لیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن زوہیب محسن کی ہدایت پر ایس ایچ او کچلاک امین جعفر نے خفیہ اطلاع پر دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش شوکت کو گرفتار کر کے چرس آٹھ گرام شیشہ 50 گرام ہیروئن 87 گرام افیون 341 گرام اور ایک موٹر سائیکل قبضے میں لے لی جبکہ سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے 5 ملزمان کبیر نواب، حفیظ، وسیم اور حسین کو صدر پولیس نے اشتہاری ملزمان محبوب، معصوم شاہ، ولی شاہ کو گرفتار کرلیا گوالمنڈی پولیس نے 2 مختلف کارروائیوں میں 480 گرام چرس برآمد ہونے پر حسین جبکہ غلام محی الدین شاہ احمد کے قبضے سے 3 مسروقہ بیٹریاں اور ... کرنے والے کو برآمد پر گرفتار کرلیا۔

INTEKHAB QUETTA

## حب کوچ سے غیر ملکی کپڑا، چھالیہ سمیت دیگر سامان برآمد

### کوچ عملہ نے ناکہ کھارڑی پر رکاوٹیں کھڑی کر کے قومی شاہراہ بلاک کردی

حب (نمائندہ انتخاب) ناکہ کھارڑی کوسٹ گارڈ چیک پوسٹ پر اسمگلرز اور چیک پوسٹ اہلکاروں کے مابین آنکھ مچولی ذرائع بتاتے ہیں کہ گزشتہ روز اعلیٰ الصبح کوئٹہ بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر

سے کراچی جانے والی ایک کوچ کوسٹ گارڈز اہلکاروں نے کوچ میں سے اس سے بھاری مقدار میں غیر ملکی چھالیہ سمیت بھاری تعداد میں غیر ملکی کپڑے کے تھان اور دیگر سامان برآمد کرلیا جس پر کوچ کے عملے نے ناکہ کھارڑی پل پر رکاوٹیں کھڑی کر کے قومی شاہراہ کو بلاک کرنے کی کوشش کی جس پر وندر CIA کے عملے نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے قومی شاہراہ کو بلاک کرنے کی کوشش کو ناکام بنادیا جبکہ بعد کوچ عملے نے اپنے دیگر ساتھیوں کو طلب کرلیا اور کافی تعداد میں چھوٹی بڑی گاڑیاں اور لوگ جمع ہونے لگے تو کوسٹ گارڈز نے بھی اضافی نفری طلب کرلی جس پر چیک پوسٹ کے سامنے جمع ہونے والے لوگ منتشر ہوگئے ذرائع بتاتے ہیں کہ ناکہ کھارڑی کوسٹ گارڈز چیک پوسٹ کی امیدزنی سے نہ صرف غیر ملکی بلکہ ممنوعہ اشیاء، خورد و نوش، زیب و آرائش کا سامان گاڑیوں کے پارٹس ٹائرز اور بھاری تعداد میں ایرانی تیل کی اسمگلنگ کا سلسلہ جاری ہے اور چند ایک کارروائیاں کرکے اور میڈیا کیلئے سوشل میڈیا واٹس ایپ گروپ میں ویڈیوز، خبر اور تصاویر وائرل کر کے کارکردگی ظاہر کردی جاتی ہے

## بولان ڈاکو عطا محمد سے موٹر سائیکل چھین کر لے گئے

بولان (نامہ نگار) بھاگ پولیس تھانہ کی حدود گوٹھ قاضی واگہ کیر رہائشی عطا محمد شیخ نامی شخص سے نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے سی ڈی موٹر سائیکل موبائل اور نقدی چھین کر فرار ہوگئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

DATE: 16 MAY 2023

Page No: 16

# لورالائی، سرکاری اسکولوں کے طلباء طالبات کتابوں سے محروم، درجنوں سکول بند

چھٹیاں ہڑتالیں، کتابیں نہ ملنا ڈال کر صرف 5 ماہ ہی سکول کھلتے ہیں، تعلیمی پسماندگی میں رہی سہی کسر غیر حاضر اساتذہ پوری کردیتے ہیں

معاشی طور پر تباہ حال بلوچستان کے بچوں کو تعلیم سے دور رکھنے کی مذموم کوششیں جاری ہیں شہریوں کا وزیراعلیٰ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

لورالائی (رپورٹ ملک امانت حسین کاکڑی) بلوچستان میں سرکاری اسکولز کیم مارچ سے کھل جاتے ہیں اور بلوچستان میں سال میں نو مہینے اسکول کھلتے ہیں اس میں چھٹیاں ہڑتال وغیرہ ڈال کر 8 مہینے باقی رہ جاتے ہیں اور اس میں کتابیں نہ ملنے کے 3 ماہ شامل کریں باقی ٹوٹل 5 ماہ رہ جاتے ہیں ان 5 میں طلباء اور طالبات کیا تعلیم حاصل کریں گے الحمد اللہ ہمارے تمام سرکاری ٹیچروں کے بچے پرائیویٹ اسکولوں میں تعلیم حاصل کررہے ہیں، کئی سالوں سے بننے والے سرکاری اسکولوں کی عمارتیں مختلف گاؤں میں علاقہ کے معتبرین اور ملک صاحبان اپنی ذاتی جاگیر سمجھ کر مہمان خانے، گودام، یا جانور باندھنے کے لیے استعمال کررہے ہیں اور اکثر سرکاری ٹیچر اپنی جگہ پر عیوضی رکھ کر خود اپنے پرائیوٹ اسکول کھول کر چلا رہے ہیں اور اکثر اسکولوں کے علاقہ معتبرین اور ملک صاحبان ماہانہ اپنے اپنے اسکولوں کے ٹیچروں سے بھتہ لیکر انکو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے اگر غلطی سے کوئی آفیسر اسکول کا دورہ کرنے آئے تو بھتہ لینے والے انکو چائے یا کھانا کھلا کر سب ٹھیک ہے کر کے رخصت کردیتے ہیں ایک اور بات بتاتا چلوں کہ پرائیویٹ اسکولوں کے ٹیچروں کی زیادہ سے زیادہ تنخواہ 15000 روپے ہے اور سرکاری اسکولوں کے ٹیچروں کی تنخواہیں 45000 ہزار سے لیکر 2 لاکھ تک ہیں سرکاری ٹیچروں میں صرف 2 فیصد ٹیچر نیک نیتی اور ایمانداری سے اپنی ڈیوٹیاں دیتے ہیں والدین اور عوامی حلقوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر تعلیم میں اصلاحات لانے کے لیے محکمہ تعلیم یا صوبائی حکومت مخلص ہیں تو کہ فوری طور پر بند اسکولوں کو کھولا جائے بچوں کو کتابیں فراہم کی جائیں اور اپنے ہی علاقہ میں ڈیوٹیاں دینے والے ٹیچروں کو دوسری ڈسٹرکٹ یا دوسرے گاؤں ٹرانسفر کیا جائے اور محکمہ تعلیم کے آفیسران روزانہ کے بنیاد پر اسکولوں کا وزٹ کریں اور غیر حاضر اساتذہ کو نوٹس اور تنخواہیں کاٹ کر سرکاری خزانے میں جمع کروائیں خدارا لاوارث بلوچستان کے غریب عوام اور انکے بچوں پر ترس کھایا جائے۔

# ایک سال سے کھلے آسمان تلے پڑے سیلاب متاثرین امداد کے منتظر

پاک آرمی اور مقامی انتظامیہ کی جانب سے سروے بھی مکمل ہوئے کئی ماہ کا عرصہ بیت چکا تاحال کوئی مدد کو نہ آیا

شدید گرمی میں لوگ سخت مشکلات و اذیت کا شکار، عوامی نمائندے سال بھر نظر نہیں آئے، متاثرین دہائی دینے لگے

اوتھل (یو این اے) بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں وفاقی اور صوبائی حکومت کا سیلاب متاثرین کی بحالی کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے سیلاب متاثرین حکومت کی امداد کے منتظر اس شدید گرمی میں بھی جھونپڑیوں اور کھلے آسمان تلے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں 25 جولائی آنے والے سیلابی ریلوں نے اوتھل، بیلہ، وندر، لاکھڑا اور لیاری میں تباہی مچاوی تھی جن میں ہزاروں گھر منہدم ہوگئے تھی گھروں کو دراڑیں پڑ گئی تھی جس کو ایک سال کا عرصہ ہونے والا ہے لیکن تاحال متاثرین حکومتی امداد کے منتظر ہیں اسی طرح لسبیلہ میں اس شدید گرمی میں بھی سیلاب متاثرین کی لوگ شدید گرمی میں بھی کھلے آسمان تلے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں وفاقی وصوبائی حکومتوں کی جانب سے پاک آرمی اور مقامی انتظامیہ کی جانب سے سروے بھی مکمل ہوئے کئی ماہ کا عرصہ بیت چکا ہے لیکن تاحال سیلاب متاثرین حکومتی امداد کا بے چینی سے انتظار کررہے ہیں۔ لیکن وفاقی وصوبائی حکومت خاموش تماشائی کے کردار کے سبب لسبیلہ کے لوگ سخت مشکلات و اذیت کا شکار ہیں۔ عوامی حلقوں نے وفاقی اور بلوچستان حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ خدارا ہمارے حال پر رحم کیا جائے ہم اس شدید گرمی اور بارشوں میں بھی اپنے بچوں کو کیمپوں اور کھلے آسمان تلے بے بسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ستم ظریفی کی بات تو یہ ہے کہ ہمارے علاقے کے منتخب نمائندوں ایک صوبائی وزیر دو ایم پی اے، ایک ایم این اے، دو سینیٹرز نے بھی ہمیں بھلا دیا ہے لیکن اب تک متاثرین ان کی بھی راہیں تک رہے ہیں ان نمائندوں کو بھی الیکشن کے دنوں میں عوام کی یاد آتی ہیں ویسے غریب عوام سے کسی کو بھی سروکار نہیں ہے

INTEKHAB QUETTA

# ڈھاڈر و گردونواح میں ملیریا کی مرض وبائی شکل اختیار کررہی ہے

ڈھاڈر شہر اور گردونواح میں مچھروں کی یلغار نے ملیریا کے مرض میں اضافہ کردیا، محکمہ صحت کے تحت ملیریا کنٹرول پروگرام سے مچھر مار اسپرے نہیں کیا گیا

ملیریا بخار کے مریضوں میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس میں مرد و خواتین بچے اور بوڑھے ملیریا بخار سے متاثر ہوکر ہسپتال اور پرائیویٹ کلینک پہنچ رہے ہیں

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر اور گردونواح میں ملیریا کے پھیلانے وبائی مرض کی شکل اختیار کررہی ہے بھاری تعداد میں لوگ شدید بخار میں مبتلا ہسپتال اور کلینک مریضوں سے بھر گئے تفصیلات کے مطابق ڈھاڈر شہر اور گردونواح میں مچھروں کی یلغار سے ملیریا کے مرض میں

بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

اضافہ کردیا محکمہ صحت کے تحت ملیریا کنٹرول پروگرام کی جانب سے مچھر مار اسپرے نہ کرانے اور محکمے کی عدم توجہی سے گزشتہ کئی روز سے ملیریا بخار کے مریضوں میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جس میں بڑے بچے مرد و خواتین بچے اور بوڑھے ملیریا بخار سے متاثر ہوکر ہسپتال اور پرائیوٹ کلینک پہنچ رہے ہیں جن میں زیادہ تر مریضوں کا تعلق غریب طبقے سے ہے جو کہ اپنے علاج کے اخراجات برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتے ڈاکٹروں کے مطابق اگر ملیریا کے تدارک اور بچاؤ کے لیے سنجیدہ اقدامات نہیں اٹھائے گئے تو ملیریا کا مرض خطرناک صورتحال پیدا کرسکتا ہے جس میں ذہنی اور جسمانی طور پر انسانی جانوں کے نقصان کا اندیشہ ہو کر تشویشناک رخ میں تبدیل ہونے کا امکان ہے عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری صحت سے اپیل کی ہے کہ ملیریا کی روک تھام اور اس مرض پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ سرکاری سطح [illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News

Bullet No. 6

DATE: 16 MAY 2023

Page No: 18

# انسداد پولیومہم: اجتماعی قومی ذمہ داری اور فرض عین!!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں پیر کے روز انسداد پولیو کی قومی مہم شروع ہوگئی ہے وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے قوم سے اپیل کی ہے کہ وہ مہم کی کامیابی کے لئے اپنا کردار ادا کرے والدین بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ ان کے مستقبل کو محفوظ بنایا جاسکے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ ذیلی پولیومہم پیر سے تمام صوبوں کے مخصوص اضلاع میں شروع ہوگئی، والدین اپنے 5 سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں، مہم کیدوران ملک کے مخصوص اضلاع میں 23 ملین سے زیادہ بچوں کو حفاظتی قطرے پلوائیں جائیں گے۔ ذیلی پولیومہم دو مرحلوں میں چلائی جائے گی۔ پہلا مرحلہ 15 سے 19 مئی تک اسلام آباد سمیت پنجاب کے 12 اضلاع، بلوچستان کے 18 اضلاع اور سندھ کے 17 اضلاع میں منعقد کی جائے گی جبکہ دوسرے مرحلے میں مہم خیبر پختونخوا کے 22 اضلاع میں 22 مئی سے 26 مئی تک ہوگی اور 29 مئی سے 5 جون تک جنوبی خیبر پختونخوا کے 07 اضلاع میں مہم ہوگی۔ تقریباً ایک لاکھ سے زائد تربیت یافتہ صحت محافظ پولیو ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال تک کے بچوں کو حفاظتی قطرے پلائیں گے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ میں تمام والدین سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ مہم کے دوران ویکسین کے لئے اہل بچوں کی ویکسینیشن کو یقینی بنائیں تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے بچایا جاسکے۔ پولیو لاعلاج ہے، اور ویکسین ہی ہمارے بچوں کی حفاظت کرسکتی ہے۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز ہمارے بچوں کو پولیو وائرس کے اثرات سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ کئی چیلنجز کا سامنا کرنے کے باوجود وہ انتھک محنت کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر صحت نے مزید کہا کہ ہم ان کی انتھک کوششوں کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں اور ایسے اقدامات کو انجام دینے پر غور کررہے ہیں جو ان کی مشکلات کو کم کریں گے اور انہیں پولیو کے خاتمے کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے مزید حوصلہ افزائی کریں گے۔ ملک کے دیگر حصوں کی طرح یہاں ہمارے صوبے ( بلوچستان ) میں بھی اٹھارہ اضلاع میں مہم شروع ہوگئی ہے اور وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے انسداد پولیومہم کی کامیابی کے لئے تمام طبقات سے کردار ادا کرنے کی اپیل کی ہے بلوچستان کے 18 اضلاع کی 393 یونین کونسلز میں سات روزہ انسداد پولیو 9 سو 69 کے قریب ٹیمیں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے پر مامور ہوں گی انسداد پولیومہم چاغی، دکی، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، مستونگ، نوشکی، ژوب، بارکھان، ڈیرہ بگٹی، حب، جعفرآباد، نصیرآباد، موسیٰ خیل، شیرانی، صحبت پور، پشین، چمن اور قلعہ عبداللہ میں ہوگی مہم کے دوران تمام عملے کو فول پروف سیکورٹی دی جارہی ہے سرکاری ذرائع کے مطابق بلوچستان میں جنوری سال 2021 سے اب تک پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا بلوچستان کی آب و ہوا میں اپریل 2021 سے اب تک پولیو وائرس رپورٹ نہیں ہوا ہے جو یقیناً باعث مسرت امر ہے کیونکہ بلوچستان میں عام طور پر ہمسایہ ممالک سے پولیو وائرس کی آمد کے واقعات ماضی میں شدت کے ساتھ رپورٹ ہوتے رہے ہیں تاہم گزشتہ چند سالوں کے دوران چلائی گئی موثر انسدادی مہمات اور اٹھائے گئے اقدامات کی بدولت پولیو کے موذی مرض پر قابو میں خاطر خواہ کامیابیاں ملی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اس بات کی ضرورت پر زور دیا ہے کہ صوبے کو پولیو سے پاک اور محفوظ بنانے نیز موذی مرض کے سو فیصد خاتمے کو یقینی بنانے کے لئے مزید محنت اور لگن سے کام کیا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے پیر سے شروع ہونے والی سات روزہ انسداد پولیومہم کی کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ پولیومہم کے دوران 5 سال کی عمر سے کم تمام بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائینگے جو بچوں میں قوت مدافعت بڑھانے اور انہیں اس بیماری کو ہمیشہ کے لئے شکست دینے میں معاون ثابت ہونگے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس مہم کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ معاشرے کے تمام طبقات اس میں اپنا اپنا کلیدی کردار ادا کریں وزیراعلیٰ نے اس امر کا اظہار کیا کہ اس بیماری کے خلاف اجتماعی کوششوں کو تیز کرنے کی ضرورت ہے جس کے لئے والدین علمائے کرام سول سوسائٹی اور میڈیا کو اپنا موثر کردار ادا کرنا ہے تاکہ اس بیماری کو جڑ سے اکھاڑنے میں کامیابی مل سکے جیسا کہ وزیراعلیٰ نے کہا ہے وقت کی ضرورت اور حالات کا تقاضا یہی ہے کہ معاشرے کے تمام طبقات انسداد پولیو کی جاری مہمات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں پولیو ایک عالمگیر بیماری ہے جس پر دنیا کے اکثریتی ممالک نے پوری طرح قابو پالیا ہے یہاں ہمارے ہاں بھی اس مرض کا سو فیصد خاتمہ اور سدباب کا ہدف قریب ہے انسداد پولیومہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا، پولیو ٹیموں

## اپنے بچوں کو اپاہج ہونے سے بچائیں، پولیو کے قطرے پلائیں

بلوچستان کے 18 اضلاع میں 393 یونین کونسل میں تقریباً 12 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے لیے مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ بلوچستان میں عوام کے تعاون کے باعث 2021 سے پولیو کا کوئی مریض رجسٹرڈ نہیں ہوا ہے، یہ بڑی کامیابی ہے، اس کامیابی کو برقرار رکھنے اور اپنے بچوں کو اپاہج ہونے سے بچانے کے لیے پولیو کے قطرے پلانا ضروری ہے۔ ویسے تو حکومت کی محکمہ صحت میں کارکردگی انتہائی ناقص ہے لیکن اس معاملے میں حکومتی کارکردگی قابل تعریف ہے۔ اب والدین کی ذمے داری ہے کہ وہ 5 سال سے کم عمر بچے کو پولیو کے قطرے پلانے کو یقینی بنائیں، اس میں ان کا اپنا ہی فائدہ ہے، جو بچے پولیو کے قطرے پیتے ہیں، ان میں پولیو وائرس کے حملے سے بچاؤ کے لیے قوت مدافعت مضبوط ہو جاتی ہے، جسم میں ایسے سیل پیدا ہو جاتے ہیں جو اس وائرس سے مقابلہ کر کے اسے تباہ کر دیتے ہیں۔

پوری دنیا میں یہ وائرس دو ممالک میں پایا جاتا ہے، اس حوالے سے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ دونوں ممالک پاکستان اور افغانستان ہیں، دونوں مسلم ملک ہونے کے باوجود دنیا میں پولیو دوبارہ پھیلنے کے خطرے کا پیش خیمہ بنے ہوئے ہیں۔ بھارت اور چین جیسے انتہائی بڑی آبادی رکھنے والے ملک بھی اس بیماری سے جان چھڑا چکے ہیں۔ بھارت جس میں پاکستان کی آبادی سے زیادہ لوگ سطح غربت سے نیچے زندگی گزارتے ہیں، اس ملک کا اس بیماری سے نجات حاصل کر لینا قابل ستائش عمل ہے۔ پاکستان میں بھی پنجاب اور بلوچستان میں پولیو کے نئے مریض گزشتہ کئی برسوں سے رجسٹرڈ نہیں ہوئے جبکہ سندھ اور خیبر پختونخواہ میں اب بھی نئے مریض سامنے آتے رہتے ہیں۔ بلوچ عوام نے انتہائی دانشمندی کا ثبوت دیتے ہوئے اپنے بچوں کو اس مہلک بیماری سے بچانے میں کامیابی حاصل کر لی ہے لیکن یہ ایک ایسا عمل ہے جسے مسلسل دہرانے سے ہی اس سے بچا جا سکتا ہے، ایسا نہیں ہے کہ اگر بڑے بھائی کو قطرے پلا دیے ہیں تو پھر غافل ہو کر بیٹھ جائیں اور باقی بچوں کو نہ پلائیں، پولیو کے قطرے ہر بچے کو لازمی پلانے ہیں تاکہ اس بیماری کا جڑ سے خاتمہ ہو جائے اور آنے والے برسوں میں پاکستانی قوم میں کوئی بچہ اس بیماری کے ہاتھوں اپنے ہاتھ پیر سے اپاہج نہ ہو پائے۔

دنیا میں ترقی کرنے والی تمام قوموں میں ایک بات یکساں رہی ہے کہ وہ بہت ساری باتوں میں متفق ہوتی ہیں۔ خاص طور پر صحت اور تعلیم کے معاملے میں کوئی قوم غافل رہ کر ترقی نہیں کر سکتی۔ دنیا میں ترقی کا واحد راستہ صحت مند اور تعلیم یافتہ معاشرہ ہے۔ تعلیم انسان کو شعور عطا کرتی ہے کہ اس نے اپنی حفاظت اور دوسروں کی نگہداشت کیسے کرنی ہے، جس کے باعث انسان اس قابل ہوتا ہے کہ مستقبل کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے بچوں کی صحت اور تعلیم کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ لہٰذا عوام خود بھی ذمے داری کا احساس کرتے ہوئے بچوں کی تعلیم اور صحت کے معاملے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ہر کام حکومت کے ذمے ڈال کر خود کو بے قصور ثابت کرنے سے کچھ نہیں ہوگا، جہاں عوام کا اپنا کردار ہے، وہاں اسے اپنا کردار ادا کرنا پڑے گا، بصورت دیگر جن مسائل اور بیماریوں کا شکار ہم آج ہیں، آنے والے کل اور بعد میں بھی ان سے چھٹکارا مشکل ہوگا، کیونکہ جب بحیثیت قوم ہم اپنے بچوں کو خود خیال نہیں رکھیں گے تو پھر ہم کسی دوسری قوم یا حکومت سے کیسے گلا کر سکتے ہیں کہ وہ ہمارے بچوں کے لیے کچھ نہیں کر رہے۔

پولیو مہم کے لیے حکومت کو بیرون ملک سے گرانٹ ملتی ہے، ہمیں ان ممالک کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہیے جو اس بیماری سے بچاؤ میں ہماری مدد کر رہے ہیں۔ حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے آج ملک کی جو حالت ہے، اگر بیرونی امداد نہ ہو تو ہمارے بچے تو شائد پولیو جیسے مہلک بیماری سے بھی محفوظ نہ رہ پائیں۔ لہٰذا عوامی اور حکومتی سطح پر ہمیں ان دوستوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیے جو ہمیں اس طرح کی امداد فراہم کرتے رہتے ہیں۔ یہ اس لیے بھی ضروری ہے کہ ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ ہماری محسن کون ہیں اور دشمن کون ہیں، محض کسی ملک کے خلاف پروپیگنڈے سے اس ملک کی پاکستان کی دی جانے والی امداد کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ زندہ قومیں ہمیشہ اپنے محسنوں کو یاد رکھتی ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستان کو خود بھی بیماریوں کی ویکسین تیار کرنے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔ آخر کب تک یہ ملک بیرونی امداد اور سہارے پر چلے گا، یہ بھی انتہائی افسوسناک امر ہے کہ ہم ہر ویکسین درآمد کرنے میں مصروف ہے، کسی حکومت نے اس حوالے سے کام نہیں کیا کہ کم از کم ملکی ضرورت کے مطابق ہی ویکسین کی پیداوار کا بندوبست کر لیا جائے، ضروری ہے کہ ہر بار دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلاتے رہیں، ہم راکٹ سے لیکر ایٹم بم تک بنا سکتے ہیں لیکن عوامی فلاح و بہبود اور صحت کے حوالے سے چھوٹی چھوٹی اشیا اور ادویہ ہے کہ ہم دوسرے ملک پر انحصار کر کے بیٹھے رہیں۔ لہٰذا حکومت اس حوالے سے بھی منصوبہ بندی اور کام کرے تاکہ آئندہ چند برسوں میں پاکستان کم از کم ویکسین کے حوالے سے تو خود کفیل ہو جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

DATE: 16 MAY 2023

Page No: 9

# Uncontrolled drug business

Last year Quetta police backed by other law enforcement agencies successfully had taken action against drug peddlers in main Quetta city in which eight suspected drug smugglers and peddlers were killed. Police had also recovered arms and ammunition from them. It is very unfortunate that despite tight action against drug peddlers the business of drugs is not going to be controlled while the business of narcotics in Balochistan in general and in its capital Quetta in particular is thriving fast. There drug peddlers had set up their dens in main city nullah which is just a few dozen yards away from the red zone area of Quetta and cantt. Owing to the thriving business of drugs, the number of addicts have increased manifold. The adductors could be seen on all main roads and footpaths of the city. Reports suggest that approximately 18 percent of Balochistan is indulged in different narcotics, which are in fact a serious issue for the province whose half of the population is already living below the poverty line. The drug addicts are lying on footpaths of main Jinnah Road in daylight while other densely populated areas like Sariab, Ghousabad, Karotabad are considered main areas where drugs business is thriving and the authorities concerned are unable to take action against them. In some areas drug dealers are so powerful that they don't hesitate to deprive people of their lives. Balochistan shares a border with Afghanistan and Iran is more vulnerable to drugs as the border route of Balochistan is notorious for narcotics smuggling. Drug peddlers smuggle drugs from Afghanistan to different parts of the world passing through Balochistan border. The drug peddlers enjoyed a strong back in cities due to which their network is strong and breaking their network seems to be a difficult task for law enforcement agencies. Keeping in view the destruction of drugs being faced by our society the authorities concerned should take stern action against this vicious business and destroy all drug dens across the province. The government must further expedite its efforts against drug peddlers and make their network dysfunctional from the province. The government should take concrete steps to address mounting unemployment, lack of opportunities of earning livelihood, and above all show not mercy for those who are involved in this heinous trade. Moreover, the government and NGOs ought to take steps for the rehabilitation of drug addicts so that they could be treated and brought back to their normal life. The authorities concerned show no mercy towards elements involved in this evil business.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6 DATE: 16 MAY 2023 Page No: 20


# ایرانی تیل کی اسمگلنگ کے تاریک پہلو

ایران اور افغانستان کی سرحدوں سے متصل پاکستان کے جنوب مغربی صوبے بلوچستان میں تیل کی اسمگلنگ ایک منافع بخش اور وسیع کاروبار ہے۔ ہزاروں لوگ سرحد پار سے تیل یا ڈیزل کو غیر قانونی طور پر لے جا کر اپنی روزی روٹی کماتے ہیں، جہاں یہ سرکاری سپلائی سے سستا اور زیادہ قابل رسائی ہے۔ اسمگل شدہ تیل نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کے دیگر صوبوں اور یہاں تک کہ افغانستان میں بھی استعمال ہوتا ہے جہاں یہ جنگ زدہ ملک کی توانائی کی ضروریات پوری کرتا ہے تاہم اس غیر قانونی تجارت کے خطے کی معیشت، سلامتی اور ماحولیات کے لیے سنگین نتائج ہیں۔ میڈیا رپورٹس اور سرکاری ذرائع کے مطابق تیل کی اسمگلنگ سے پاکستان کے قومی خزانے کو ماہانہ تقریباً 10.2 ارب روپے ریونیو کا نقصان ہوتا ہے جس سے یہ ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں کے لیے انتہائی ضروری ریونیو سے محروم ہو جاتا ہے۔ یہ قانونی تیل کی صنعت کو بھی نقصان پہنچاتا ہے، جسے اسمگل شدہ مصنوعات سے غیر منصفانہ مقابلے کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جو مارکیٹ میں کم قیمتوں پر فروخت ہوتی ہیں۔ اسمگل شدہ مصنوعات کی وجہ سے سرکاری ڈیزل کی فروخت میں زبردست کمی واقع ہوئی ہے، جو گزشتہ سال 23 کے مقابلے میں اپریل میں 40 فیصد سے زیادہ گر گئی مزید برآں، تیل کی اسمگلنگ فضائی آلودگی اور صحت کے لیے خطرات کا باعث بنتی ہے، کیونکہ اسمگل شدہ تیل کے معیار اور حفاظت کے معیارات اکثر مشکوک ہوتے ہیں۔




ٹیکس چوری اور منی لانڈرنگ کو روکنے کے لیے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے دباؤ کے بعد حکومت پاکستان نے تیل کی اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم دیا لیکن کریک ڈاؤن نے تجارت سے وابستہ لوگوں میں احتجاج اور ناراضگی کو جنم دے دیا، جن کا دعویٰ ہے کہ بڑے پیمانے پر غربت، بے روزگاری اور پسماندگی کا شکار صوبے میں ان کے پاس آمدنی کا کوئی متبادل ذریعہ نہیں ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ تیل کی اسمگلنگ ان کی ضرورت ہے، کیونکہ بلوچستان میں چند سرکاری پٹرول اسٹیشن ہیں اور سرکاری سپلائی اکثر ناکافی یا ناقابل بھروسہ ہوتی ہے۔ کریک ڈاؤن نے سیکیورٹی خدشات کو بھی جنم دیا ہے، کیونکہ کچھ اسمگلروں کا مبینہ طور پر عسکریت پسند گروپوں یا مجرمانہ نیٹ ورکس سے تعلق ہے جو تیل کی اسمگلنگ سے حاصل ہونے والے منافع کو اپنی سرگرمیوں کی مالی معاونت کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ کریک ڈاؤن سے بلوچستان میں تشدد یا بدامنی پھیل سکتی ہے، جو طویل عرصے سے شورش، فرقہ وارانہ تشدد اور سرحد پار دہشت گردی سے دوچار ہے۔

تیل کی اسمگلنگ کے کاروبار میں ایران اور افغانستان کے ملوث ہونے سے صورتحال مزید پیچیدہ ہو گئی ہے۔ ایران اسمگل شدہ تیل کا بنیادی ذریعہ ہے، کیونکہ اس کے پاس تیل کے وافر ذخائر ہیں اور وہ اپنے گھریلو صارفین کو رعایتی قیمتوں کی پیشکش کرتا ہے۔ تاہم امریکی پابندیوں اور اقتصادی پریشانیوں کی وجہ سے ایران کو بھی زرمبادلہ کی کمی کا سامنا ہے اور وہ غیر رسمی ذرائع سے پڑوسی ممالک کو تیل برآمد کر کے آمدنی حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق ایران کو ہر سال تقریباً 4 بلین ڈالر کا نقصان اسمگلنگ سے ہوتا ہے، ایران نے مبینہ طور پر پاکستان کے ساتھ اپنی سرحد پر تیل کی اسمگلنگ پر آنکھیں بند کر رکھی ہیں، کیونکہ وہ تجارت سے فائدہ اٹھاتا ہے اور اسے اسلام آباد کے ساتھ اپنے تعلقات کو متاثر کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ ایران سے پاکستان کے راستے اسمگل ہونے والے تیل کی ایک اور منزل افغانستان ہے۔ افغانستان میں توانائی کی بہت زیادہ مانگ ہے، خاص طور پر اس کے دیہی علاقوں میں جہاں بجلی یا گیس تک رسائی نہیں ہے۔ اسمگل شدہ تیل جنریٹرز، ہیٹرز اور گاڑیوں کے لیے ایندھن کا سستا اور آسان ذریعہ فراہم کرتا ہے۔ تاہم، یہ افغان طالبان حکومت کے لیے ایک چیلنج بھی ہے، جو ٹیکس کی آمدنی اور توانائی کے شعبے پر کنٹرول کھو دیتی ہے۔ مزید یہ کہ اسمگل شدہ تیل کا کچھ حصہ دیگر مسلح گروہوں کے ہاتھ میں جاتا ہے جو اسے اپنی کارروائیوں کو طاقت دینے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

تیل کی اسمگلنگ سے فائدہ اٹھانے والے چند نمایاں عسکریت پسند گروہوں میں بلوچستان لبریشن آرمی (BLA)، بلوچستان لبریشن فرنٹ (BLF) اور کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر ایسے عسکریت پسند گروپ ہیں جن کی سرحدوں سے غیر قانونی آمد و رفت جاری ہیں۔ ان گروہوں کے مختلف ایجنڈے اور اہداف ہیں، لیکن ان کا مشترکہ دشمن پاکستانی ریاست ہے۔ ان کے علاقائی اور بین الاقوامی قوتوں کے ساتھ بھی روابط ہیں جو انہیں ہتھیار، تربیت اور فنڈز فراہم کرتے ہیں۔ وہ اسمگل شدہ تیل کے ہر لیٹر پر ٹیکس یا فیس (بھتہ) وصول کرتے ہیں جو ان کے زیر اثر علاقوں سے گزرتا ہے۔ وہ تیل کے تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کے ساتھ ساتھ دیگر اسمگلروں سے بھی رقم وصول کرتے ہیں جو منشیات، ہتھیاروں یا انسانی اسمگلنگ کا کاروبار کرتے ہیں۔ مزید برآں، انہیں بیرونی ممالک سے مدد ملتی ہے جو افغانستان، پاکستان یا ایران کو غیر مستحکم کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، یہ شبہ بھی ہے کہ ان کے بدنام زمانہ غیر ملکی جنس ایجنسیوں یا ایرانی مخالف گروپوں سے روابط ہیں۔ یہ عسکریت پسند گروپوں کے لیے لائف لائن فراہم کرتا ہے جو پاکستان اور افغانستان دونوں کے ساتھ ساتھ ان کے علاقائی اور بین الاقوامی شراکت داروں کی اتھارٹی اور قانونی حیثیت کو چیلنج کرتے ہیں۔

اس طرح تیل کی اسمگلنگ ایک پیچیدہ اور کثیر جہتی مسئلہ ہے جو پاکستان اور افغانستان کے استحکام اور ترقی کے ساتھ ساتھ ان کے ایران کے ساتھ تعلقات کو بھی متاثر کرتا ہے۔ اس کے لیے ایک جامع اور مربوط جواب کی ضرورت ہے جو نہ صرف قانونی اور ضابطے کے پہلوؤں پر توجہ دے بلکہ سماجی، اقتصادی اور سیاسی جہتوں کا بھی جائزہ لے۔ پاکستان اور افغانستان کی حکومتوں کو بارڈر مینجمنٹ، کسٹم کے نفاذ اور معلومات کے تبادلے پر اپنے تعاون کو بڑھانے کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہیں ایران کے ساتھ باہمی طور پر فائدہ مند حل تلاش کرنے کی بھی ضرورت ہے جو اس کی خودمختاری اور مفادات کا احترام کرے۔ مزید برآں، انہیں تیل کی اسمگلنگ میں ملوث لوگوں کے لیے متبادل معاش اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے، جو اکثر لالچ کی بجائے مایوسی کا شکار ہوتے ہیں۔ صرف اسی صورت میں تیل کی اسمگلنگ کو موثر طریقے سے روکا جا سکتا ہے اور اس کے منفی اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ DATE: 16 MAY 2023 Page No:________




آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی کاشف عالم مختلف ایس پیز کو پی ایس پی کیڈر کے رینک لگا رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 16 MAY 2023

Bullet No.________ Page No:________



صوبائی مشیر بشریٰ رند سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے نومنتخب فوکل پرسنز سے حلف رہی ہیں

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ، صوبائی وزیر سید احسان شاہ کو ایگزیکٹیو ڈائریکٹر فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ فاطمہ جناح ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 16 MAY 2023

Bullet No.______ Page No:______



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ، بشریٰ رند، کامریڈ یونس زہری، شاہ بلوچ، عبدالمالک کاکڑ و دیگر تقریب حلف برداری سے خطاب کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے عبدالقادر بلوچ اور حسین بخش بنگلزئی ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے جسٹس (ر) عبدالحمید بلوچ ملاقات کررہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 16 MAY 2023

Bullet No.______ Page No:______




کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**Daily:** JANG QUETTA

Bullet No.__________ DATE: 16 MAY 2023 Page No: __________



کوئٹہ: چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں